قاسم اکرم ایشین گیمز میں تمغے کے لیے پر امید

لاہور30 ستمبر،2023:

قاسم اکرم کی قیادت میں پاکستان شاہینز آج رات چین روانہ ہوگی جہاں وہ ہانگزو میں منعقدہ 19 ویں ایشین گیمز میں حصہ لے گی۔

ایشین گیمز کے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کرکٹ ایونٹ میں پاکستان شاہینز اپنی پیش قدمی کوارٹر فائنل سے شروع کرے گی کیونکہ آئی سی سی کی رینکنگ میں ایشیا کی ٹاپ چار ٹیموں کی وجہ سے اسے براہ راست کھیلنے کا موقع ملا ہے۔

کوارٹر فائنل تین اور چار اکتوبر کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان کا کوارٹر فائنل تین اکتوبر کو ہوگا۔ سیمی فائنل چھ اکتوبر کو ہونگے جبکہ فائنل اور تیسری پوزیشن کا میچ سات اکتوبر کو ہونگے۔

پاکستان شاہینز نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں پانچ روزہ کیمپ میں ٹریننگ کی ہے اور پریکٹس میچز کھیلے ہیں۔

پاکستان شاہینز کے پندرہ کھلاڑیوں میں سے سات کھلاڑی پہلے ہی انٹرنیشنل کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ ان میں عامر جمال (2 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل) ارشد اقبال (ایک ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل) آصف علی (21 ون ڈے انٹرنیشنل اور 55 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل) حیدر علی (2 ون ڈے انٹرنیشنل اور 33 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل) خوشدل شاہ (10 ون ڈے

انٹر نیشنل اور 24 ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل) شاہنواز دھانی (2 ون ڈے انٹر نیشنل اور 11 ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل) اور عثمان قادر (ایک ون ڈے انٹر نیشنل اور 23 ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل) شامل ہیں۔

کپتان قاسم اکرم کا کہنا ہے کہ ایشین گیمز میں قیادت کو وہ اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں۔ کھلاڑیوں نے ماضی میں شاندار پرفارمنس دی ہے اور ٹیم ایشیا کپ ایمرجنگ ٹورنامنٹ جیتی ہے اور وہ ایسی ہی کارکردگی کی توقع ایشین گیمز میں بھی کررہے ہیں۔ ٹیم کا کامبی نیشن اچھا ہے ٹیم کی تیاری اچھی ہوئی ہے۔ اسپن وکٹ کے چیلنجز کے لیے بھی ہم تیار ہیں۔ یہ ہمارا چین کا پہلا دورہ ہے اور ہم وہاں میچز جیتنے کی پوری کوشش کریں گے۔ وہ شائقین سے بھی کہیں گے کہ وہ ہمیں سپورٹ کریں۔

پاکستان شاہینز ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ قاسم اکرم (کپتان) عمیر بن یوسف (نائب کپتان)۔ عامر جمال۔ عرفات منہاس۔ ارشد اقبال۔ آصف علی۔ حیدر علی۔ خوشدل شاہ۔ مرزا طاہر بیگ۔ مبصر خان۔ محمد اخلاق۔ روحیل نذیر (وکٹ کیپر)۔ شاہنواز دھانی۔ سفیان مقیم اور عثمان قادر۔

پلیئر سپورٹ اسٹاف ان افراد پر مشتمل ہے۔ شاہد اسلم (ہیڈ کوچ اور منیجر) عمر رشید (بولنگ کوچ) حنیف ملک (بیٹنگ اور فیلڈنگ کوچ) اور حافظ نعیم الرسول (فزیو تھراپسٹ)

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia